روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 2 جون 2010ء 18 جمادی الثانی 1431 ہجری 2 احسان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 118

ہم زندہ ہیں

جنگ احد میں جب ابوسفیان طعنہ دے کر یہ کہہ رہا تھا کہ ہم نے محمدؐ کو قتل کردیا۔ ہم نے ابوبکرؓ کو قتل کردیا۔ ہم نے عمرؓ کو قتل کردیا۔ اگر یہ زندہ ہوتے تو جواب دیتے۔ حضرت عمرؓ سے ضبط نہ ہوسکا اور جوش سے کہا ''اے دشمن خدا! تم جھوٹ کہتے ہو، یہ سب تمہیں ذلیل کرنے کے لئے اللہ کے فضل سے زندہ موجود ہیں۔''

﴿صحیح بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ احد حدیث نمبر 3736﴾

سانحہ لاہور کے جاں نثاروں کی تدفین مکمل ہوگئی

خدام سلسلہ کی خدمت دین اور احباب جماعت کے صبر و تحمل کے نظارے

مورخہ 31 مئی 2010ء کو بھی لاہور کی بیوت الذکر میں شہید ہونے والے احباب کی نماز جنازہ اور تدفین کا سلسلہ جاری رہا۔ محترم جنرل (ر) ناصر احمد چوہدری صاحب ابن مکرم چوہدری صفدر علی صاحب صدر حلقہ ماڈل ٹاؤن بعمر 91 سال اور مکرم چوہدری حفیظ احمد کاہلوں صاحب ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ابن مکرم چوہدری نذیر حسین صاحب ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی بعمر 83 سال کی نماز جنازہ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے پڑھائی اور تدفین عام قبرستان میں عمل میں آئی۔

اسی طرح 31 مئی کو بعد نماز عصر مکرم و محترم چوہدری اعجاز نصر اللہ خان صاحب سابق نائب امیر ضلع لاہور ابن مکرم چوہدری محمد اسد اللہ خان صاحب بعمر 83 سال اور مکرم ولید احمد صاحب (واقف نو) ابن مکرم چوہدری محمد منور صاحب ناصر آباد ربوہ طالب علم میڈیکل کالج فرسٹ ائر بعمر 17 سال کی نماز جنازہ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب نے ہال انصار اللہ میں پڑھائی اور تدفین عام قبرستان میں ہوئی۔ اگلے دن مورخہ یکم جون کو مندرجہ ذیل احباب کی نماز جنازہ اور تدفین مکمل ہوئی۔

مکرم کامران ارشد صاحب ابن مکرم محمد ارشد صاحب گڑھی شاہو بعمر 38 سال، مکرم چوہدری مظفر صاحب ابن مکرم مولوی محمد ابراہیم صاحب شمالی چھاؤنی بعمر 73 سال، مکرم مرزا امین بیگ صاحب ابن مکرم مرزا کریم بخش صاحب گلبرگ لاہور بعمر 69 سال (آپ زخمی ہوئے تھے تاہم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے 31 مئی کو شہید ہوگئے) اس طرح 76 شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین ربوہ میں مورخہ یکم جون کو صبح 11 بجے مکمل ہوگئی۔ 8 شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین بیرون ربوہ کی گئی ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

مکرم ڈاکٹر اصغر یعقوب صاحب ابن مکرم ڈاکٹر یعقوب خان صاحب کیولری گراؤنڈ تدفین ماڈل ٹاؤن لاہور، مکرم منور احمد خان صاحب ابن مکرم محمد ایوب خان صاحب گڑھی شاہو تدفین ہانڈو گجر لاہور، مکرم ملک وسیم احمد صاحب ابن مکرم محمد اشرف صاحب دارالذکر تدفین رتوچھ چکوال، مکرم محمد حسین ملہی صاحب ابن مکرم محمد ابراہیم صاحب کوٹ لکھپت تدفین ہانڈو گجر لاہور، مکرم حسن خورشید اعوان صاحب ابن مکرم ملک خورشید اعوان صاحب شمالی چھاؤنی تدفین دوالمیال چکوال، مکرم محمد اشرف بھلر صاحب ابن مکرم محمد عبداللہ صاحب واپڈا ٹاؤن تدفین رکھ شیخ کوٹ لاہور، مکرم محمد حسین صاحب ابن مکرم نظام دین صاحب لال پل، مکرم نذیر احمد صاحب ولد محمد یاسین صاحب کوٹ لکھپت تدفین لاہور، اسی طرح مکرم برکت مسیح صاحب (مسیحی برادری) یہ دارالذکر میں خاکروب تھے اور اس سانحہ میں وفات پاگئے۔ جماعتی وفد نے ان کے گھر جاکر تعزیت بھی کی۔

سانحہ لاہور میں راہ مولیٰ میں قربان ہونے والے افراد کی ربوہ میں تدفین کی فہرست جو یکم جون 2010ء کے روزنامہ الفضل میں شائع ہوئی ہے اس میں نمبر 15 پر مکرم مرزا ظفر احمد صاحب کی ولدیت غلط لکھی گئی ہے۔ آپ کے والد کا نام مرزا اصفر ہمایوں صاحب ہے۔

مکرم نعمت اللہ صاحب، ابن مکرم سمیع اللہ صاحب نارووال جن کو گھر میں گھس کر مخالفین نے راہ مولیٰ میں قربان کردیا تھا۔ اس موقع پر ان کی نماز جنازہ بھی ادا کی گئی اور دیگر شہداء کے ساتھ تدفین عمل میں آئی۔

ایک جگہ پر ایک دو سے زیادہ میتیں دیکھنا، یا تدفین کے موقع پر انہیں قبر میں اتارنے کے مناظر بہت جذباتی اور دکھ اور افسوس سے بھرے ہوتے ہیں۔ ایسے موقع پر لازمی جذبات کی وجہ سے ایسی بات یا کوئی حرکت ہوجاتی ہے جو دینی روح کے خلاف ہو لیکن آفرین ہے ان احمدی مرد و خواتین پر جنہوں نے اپنے جذبات پر کمال ضبط کرتے ہوئے اللہ کے گھر میں شہید ہونے والوں کا آخری دیدار کیا اور ان کی تدفین میں شامل ہوئے۔ گرم موسم کی شدت کے باوجود گھنٹوں انتظار کرکے انہوں نے تدفین اور اجتماعی دعا میں شرکت کی اور یہ بھی اپنی نوعیت کا انوکھا اور منفرد واقعہ ہے کہ مرکز سلسلہ ربوہ میں جماعتی انتظام کے تحت مسلسل چار دن شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین کی جاتی رہی ہے عام قبرستان کے چاروں اطراف تاحد نگاہ احباب کا رش دیکھنے میں آیا۔

چند میتوں کو دفنا کے احباب ابھی راستے میں ہی ہوتے کہ ہوٹر بجاتی ایمبولینس کچھ اور میتوں کو لئے عام قبرستان پہنچ جاتیں اور احباب جو جارہے ہوتے الٹے قدموں واپس ہوتے اور شہیدوں کی تدفین اور دعا میں شریک ہوجاتے اور یہ سلسلہ چار دن تک صبح سے رات تک جاری رہا۔ اس سانحہ پر ربوہ بھر میں دکھ اور افسوس کی کیفیت طاری تھی اور یہ کیفیت کیوں نہ ہوتی یہ دکھ تو سب کا سانجھا تھا، ربوہ کے محلے، گلیاں اور بازار سنسان تھے۔

عام قبرستان میں جمعہ کے دن بعد نماز عصر قبریں کھودنے کا کام شروع ہوگیا۔ 300 خدام ربوہ نے بڑھ چڑھ کر اس وقار عمل میں حصہ لیا اور رات 12 بجے تک تقریباً 100 قبریں کھود ڈالیں۔ جن کو رات بھر مزید سیٹ کیا جاتا رہا نوجوانوں کا ایسے موقع پر جذبہ اور خدمت دین سے لگن اور محبت قابل دید تھی۔ جس کے ہاتھ میں بھی کسّی یا بیلچہ آتا وہ زمین سخت ہونے کے باوجود مسلسل کھدائی کرتا چلا جاتا اور تھکاوٹ اس کے پاس نہ آتی۔

اس اندوہناک واقعہ کی اطلاع ملتے ہی خدام کی ایک کثیر تعداد بلڈ بنک خون دینے کے لئے پہنچ گئی جہاں پر خدام کی فہرستیں بنائی گئیں اور نیگیٹو گروپس کو Bleed کروایا گیا۔ باقی خدام کو ریزرو کے طور پر رکھا گیا۔ تاکہ حسب حال بلیڈ کروایا جاسکے۔ تین دن تک کم از کم خون دینے کے لئے 50 خدام بلڈ بنک میں موجود رہے۔ دارالصناعہ کے تحت تابوت بھی رات بھر بنتے رہے اور روئی (Cotton) مشک کافور، پلاسٹک شیٹس اور ہتھوڑی وغیرہ کا انتظام کیا گیا۔

تمام شہداء کی میتوں کے استقبال کے لئے ایک مستعد ٹیم موجود تھی۔ میتوں کی ٹول پلازہ پر آمد کے بعد موٹر سائیکلوں کے حفاظتی حصار میں دفاتر انصار اللہ پاکستان تک لے جایا جاتا۔ اس شعبہ کے تحت 75 موٹر سائیکل سمیت 150 خدام نے 24 گھنٹے ڈیوٹی دی قبرستان عام میں تدفین کے انتظامات کے حوالے سے بھی خدام نے بھرپور ڈیوٹی دی۔ خواتین و حضرات کے بیٹھنے کے لئے علیحدہ علیحدہ نشستوں کا انتظام کیا گیا احاطہ قبور کے گرد ایک حفاظتی حصار قائم کیا گیا اس حصار کے باہر خدام نے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ایک اور بیرونی حفاظتی زنجیر بنائی۔ جنازہ کی آمد پر خدام کی ایک ٹیم میت کو اٹھا کر مقام تدفین پر لے آتی، باری باری سب میتوں کو قبروں میں منتقل کیا جاتا۔ ریت اور مٹی ڈالنے والی خدام کی الگ ٹیم تھی۔ تدفین، حفاظت اور دیگر جملہ امور کی ایک شفٹ کے دوران 500 خدام، 10 موٹر سائیکل اور 4 گاڑیاں ڈیوٹی پر موجود رہیں۔ شعبہ اطفال کی طرف سے ڈیوٹی والے خدام اور دیگر احباب کو ٹھنڈا پانی پلانے کا انتظام تھا۔ ایک شفٹ میں 50 سکاؤٹس ڈیوٹی دے رہے تھے۔ ناصر فائر فائٹنگ سروس کے تحت ربوہ کے راستوں پر اور قبرستان عام میں ہمہ وقت پانی کے چھڑکاؤ کا انتظام رہا نیز مختلف جگہوں پر پانی کی سپلائی کو بھی یقینی بنایا گیا۔ اس افسوسناک موقع پر سینکڑوں خدام انصار اور اطفال نے جذبے کے ساتھ ڈیوٹیاں دیں اور پوری دنیا کو بتا دیا کہ پُرامن رہ کر محنت و جانفشانی کے ساتھ اتنا بڑا کام کیا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سب خدام سلسلہ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

(رپورٹ: ایف شمس)

جماعت احمدیہ قتل و غارت کے شکنجے میں

اب تک 340 افراد کو راہ مولیٰ میں قربان کیا جا چکا ہے

عبدالسمیع خان

جماعت احمدیہ آغاز سے ہی مخالفین کی طرف سے قتل و غارت کے فتاویٰ کا نشانہ بنی ہوئی ہے بلکہ جماعت کے قیام سے بھی 5 سال پہلے 1884ء میں حضرت مسیح موعود پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا۔

(رسالہ الفرقان جنوری 1975ء صفحہ 18)

جماعت کے قیام کے 3 سال بعد 1892ء میں پونے دو سو علماء نے کفر کا فتویٰ جاری کیا جو 277 صفحات پر مشتمل تھا۔

(الفرقان جنوری 1975ء صفحہ 20)

ان فتاویٰ کی روشنی میں نہ صرف مسلمانوں بلکہ ہندوؤں، سکھوں، عیسائیوں اور انگریزی حکومت کو بھی خوب بھڑکایا گیا کہ بانی جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کو نیست و نابود کیا جائے۔ چنانچہ نہ صرف حضرت اقدس کے قتل کی انفرادی کوششیں کی گئیں بلکہ ایسے مقدمات بھی کئے گئے جن کے نتیجہ میں حضور کو پھانسی کی سزا ہو سکتی تھی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدوں کے مطابق ان تمام شرور سے حضرت اقدس کو محفوظ رکھا۔ تاہم حضور کی زندگی میں آپ کے دو رفقاء کو سرزمین کابل میں شہید کر دیا گیا۔

آہستہ آہستہ یہ کوششیں اجتماعی رنگ اختیار کرتی رہیں اور 1934ء میں احرار نے قادیان میں اعلان کیا کہ ہم تمام احمدیوں کو ملیامیٹ کر دیں گے اور مرزا غلام احمد صاحب کی قبر پہچاننے والا بھی کوئی نہیں رہے گا۔ ان ایام کی نزاکت کو محسوس کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کی بنیاد رکھی اور فرمایا کہ اس کے ذریعہ سے بیرونی ممالک میں حق کی اشاعت کی جائے گی اور اگر متحدہ ہندوستان میں ایک ایک احمدی کو چن چن کر مار دیا جائے تو احمدیت کی کونپلیں دنیا کے مختلف خطوں سے پھوٹیں گی اور حق کا پرچم سربلند رکھیں گی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے دشمن کو تو اپنی خواہش پوری کرنے کی توفیق نہیں دی مگر آج احمدیت کا پرچم 195 ممالک میں لہرا رہا ہے۔

1953ء اور 1974ء میں سارے پاکستان میں خون آشام فسادات ہوئے۔ بیسیوں شہادتیں ہوئیں' مال لوٹے گئے۔ گھر جلائے گئے۔ کاروبار تباہ کئے گئے۔ ملازمتوں کے دروازے بند کئے گئے، بائیکاٹ کیا گیا۔ معصوموں کے رزق چھین لئے گئے مگر جماعت کا قدم آگے ہی بڑھتا رہا۔ یہاں تک کہ 1984ء میں ایسے قوانین بنائے گئے جن کی موجودگی میں امام جماعت احمدیہ کا ملک میں قیام کرنا اور جماعت کی رہنمائی کرنا ناممکن ہو گیا۔ تب امام وقت نے لندن کو اپنا مستقر بنایا۔

اس اثناء میں جماعت قربانیوں کے ایک نئے دور میں داخل ہوئی۔ شہادتوں مقدمات اور قید و بند کی صعوبتوں سے جماعت کا ایک بڑا طبقہ بالواسطہ متاثر ہوا۔ مگر ایک دن بھی ایسا نہیں آیا جب جماعت کا قدم پیچھے ہٹا ہو۔ اور کسی احمدی نے قربانی سے دریغ کیا ہو۔

یہ سلسلہ جاری ہے اور لاہور کی دو احمدیہ بیوت الذکر میں دہشت گردی راہ مولیٰ میں پیش کی جانے والی قربانیوں کا تازہ اجتماعی ایڈیشن ہے۔ جس میں نہایت بہیمانہ اور ظالمانہ طور پر 84 احمدیوں کو شہید اور 100 کے قریب زخمی کر دیا گیا۔ جماعت ان قربانیوں سے بددل نہیں ہوئی۔ اس کی ایک آنکھ ان دکھوں پر روتی اور ایک آنکھ ان سعادتوں پر ہنستی ہے۔ غم اور خوشی کے یہ 2 دھارے کامل وفا کے ساتھ ایک ساتھ بہتے ہیں اور ہمارا توکل محض اور محض اپنے رب پر ہے۔

جاں نثاروں کی تعداد

جماعت کو ماضی میں خدا کے حضور جو شہادتیں پیش کرنے کی توفیق ملی ہے اس کی مختلف خلفاء احمدیت کے زمانہ میں عہد بہ عہد تعداد درج ذیل ہے۔

عہد حضرت مسیح موعود 1908ء تک	2
خلافت ثانیہ 1914 تا 1965ء	91
خلافت ثالثہ 1982ء تک	39
خلافت رابعہ 2003ء تک	79
خلافت خامسہ 2003ء تا حال	129

اس طرح ایک معلوم ریکارڈ کے مطابق یہ کل تعداد 340 ہے۔ جبکہ بیسیوں ایسے بھی ہیں جو دنیا کے مختلف خطوں میں مارے گئے مگر ان کے نام محفوظ نہیں ہو سکے۔

ملک وار تقسیم

1۔ برصغیر پاک و ہند (1947ء تک): 33
2۔ پاکستان (1947ء سے): 264
3۔ بھارت: 3
4۔ بنگلہ دیش: 11
5۔ سری لنکا: 2
6۔ امریکہ: 1
7۔ ٹرینیڈاڈ: 1
8۔ یوگنڈا: 1
9۔ افغانستان: 14
10۔ عراق: 1
11۔ البانیہ: 1
12۔ انڈونیشیا: 18

یہ پاک روحیں ہمیشہ خدا کی ابدی جنتوں میں بسیرا کریں گی اور آنے والی نسلوں کو وفا اور استقامت کے درس دیتی رہیں گی۔ حضرت مسیح موعود نے حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کی شہادت کے موقع پر فرمایا تھا۔

"اے عبداللطیف تیرے پر ہزاروں رحمتیں کہ تو نے میری زندگی میں ہی اپنے صدق کا نمونہ دکھایا اور جو لوگ میری جماعت میں سے میری موت کے بعد رہیں گے میں نہیں جانتا کہ وہ کیا کام کریں گے۔"

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 60)

خدا کرے کہ ان سینکڑوں روحوں کی ملاقات سے مسیح موعود کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور ان کے خون کا ہر قطرہ سچائی کے قیام میں مددگار ثابت ہو۔ آمین

بلند مقام

اللہ کی راہ میں جان دینے والوں کا قرآن و احادیث میں بڑا رتبہ اور مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

جو اللہ کی راہ میں قتل کئے جائیں اُن کو مُردے نہ کہو کیونکہ وہ تو زندہ ہیں لیکن تم شعور نہیں رکھتے۔

(البقرہ:155)

جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کئے گئے اُن کو ہرگز مُردے گمان نہ کرو بلکہ وہ تو زندہ ہیں اور انہیں ان کے رب کے ہاں رزق عطا کیا جا رہا ہے۔

(آل عمران:170)

مذہب کے نام پر ظلم

پروفیسر سید اسرار بخاری اپنے کالم نیرنگ خیال میں لکھتے ہیں۔

تاریخ عالم میں مذاہب کا وجود انسانیت کے فروغ کے لئے آیا۔ مذہب کا مطلب یہ نہیں کہ کوئی بھی اپنا نظریہ، عقیدہ اور نقطہ نظر جبری طور پر منوانے کے لئے تشدد کا راستہ اختیار کرے اسلام مذہب نہیں دین ہے اور دین کا مطلب یہ ہے کہ یہ تمام مذاہب کی اچھائیوں کا نچوڑ ہے۔ اس لئے قرآن حکیم نے کہا بلاشبہ اللہ کے نزدیک اسلام ہی دین ہے۔ آج انسانی دنیا جو تہذیب و تمدن کی دعویدار ہے پوری طرح سے مذہبی منافرت کا شکار ہے۔ یہود و ہنود ہوں یا نصاریٰ انہوں نے ہی دنیا میں مذہبی منافرت کا آغاز کیا۔ نائن الیون کے واقعے کے بعد انہوں نے معصوم انسانوں سے بدلہ لینے کی تحریکیں شروع کر دیں اور آج یہی وجہ ہے کہ مغرب نے کروسیڈ برپا کر رکھا ہے۔ ظاہر ہے اس کے منفی اثرات مسلم دنیا پر بھی پڑے ہیں اور مسلمانوں میں بھی ردعمل پیدا ہوا۔

پاکستان میں بے شمار فرقے ہیں جن میں سے قادیانیت کو اسلام سے خارج کر دیا گیا ہے اور اب اس کا شمار اقلیتوں میں ہوتا ہے۔ اسلامی حکومت اور مسلمان اقلیتوں کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ گڑھی شاہو اور ماڈل ٹاؤن المناک سانحہ بنیادی طور پر پاکستان کے خلاف سازش ہے۔ مختلف تنظیموں کا اس کی ذمہ داری قبول کرنا، بھی ایک ناٹک ہے وزیر داخلہ رحمٰن ملک نے بجا طور پر کہا ہے کہ اس میں "را" ملوث ہے۔ اس لئے اس وقت "را" کو پاکستان میں اس طرح کے واقعات برپا کرنے کی بے حد ضرورت ہے۔ **اگر قادیانی کافر قرار دیئے گئے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان کی عبادت گاہوں کی حفاظت کی بجائے ان پر حملہ کیا جائے یہ ایک بڑا سانحہ ہے جس کا بڑے پیمانے پر نوٹس لینا چاہئے** انٹیلی جنس یہ کہتی ہے کہ اس نے کافی عرصہ سے پہلے خبردار کر دیا تھا پھر کیا وجہ ہے کہ یہ واقعہ رونما ہو گیا خود اس بات کی بھی تحقیق ہونی چاہئے کیونکہ ہمارے ہاں اکثر یہ ہوتا ہے کہ انٹیلی جنس پہلے سے خبردار کرنے کا دعویٰ کرتی ہے اور اس کے باوجود سانحات ہو جاتے ہیں۔ اسلام نے دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں کی حفاظت کا حکم دیا ہے تاریخ اسلام میں ایسا ایک بھی واقعہ موجود نہیں کہ غیر مسلم کہیں اکٹھے ہوئے ہوں اور مسلمانوں نے اچانک ان پر دھاوا بول دیا ہو یا ان کی عبادت گاہوں کو نقصان پہنچایا ہو۔ **اگر کسی نے قادیانیت کو اسلام میں تبدیل کرنا ہو تو اس کے لئے تبلیغ استدلال علم اور اخلاقیات کے دروازے کھلے ہیں**۔ بہرحال یہ بات پیش نظر رہے کہ جب سے قادیانیت وجود میں آئی ہے کبھی اس کے خلاف اس طرح کے واقعات نہیں ہوئے آخر کیا وجہ ہے کہ آج یہ سانحے برپا ہو گئے ہیں۔ انتہا پسندی اور دہشت گردی کی آڑ میں پاکستان دشمن عناصر کا ایسے واقعات میں ملوث ہونا بعید از قیاس نہیں ان دونوں المناک واقعات کی پوری تحقیق ہونی چاہئے کیونکہ یہ پاکستان کی عزت اور بے عزتی کا سوال ہے۔ ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ مختلف تنظیموں کا اس کی ذمہ داری قبول کرنے کی خبریں سازش کا حصہ ہیں کیونکہ ایسے خونی ڈرامے پوری پلاننگ کے ساتھ رچائے جاتے ہیں تا کہ اصل دشمن پردے کے پیچھے رہے اور پاکستان کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جائے۔

(روزنامہ نوائے وقت، 30 مئی 2010ء)

مکرم محمد افضل متین صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا شوق نماز

نماز روح کی غذا ہوتی ہے جس کے بغیر روحانی زندگی کی نشوونما ناممکن ہے۔ خلفاء احمدیت کے عملی نمونے ہمارے لئے قابل تقلید ہیں اس ضمن میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے چند واقعات پیش ہیں۔

مکرم میجر محمود احمد صاحب لکھتے ہیں کہ ”سفر کے بارے میں حضور انور کی ہدایت تھی کہ جائے نماز ساتھ رکھا کریں چنانچہ ہم ایک بڑی جائے نماز ساتھ رکھ لیتے اور جہاں کہیں بھی نماز کا وقت ہوتا ہم وہیں نماز پڑھ لیتے۔ سفر میں نمازیں اکثر جمع ہوتیں اور حضور عموماً اول وقت میں نماز جمع کرنے کی کوشش کرتے۔ جہاں بھی موقع ملا پٹرول پمپ پر، سروس اسٹیشن پر، سڑک پر، جہاں بھی نماز کا وقت ہوا نماز باجماعت پڑھی ہے۔“

(سیرت وسوانح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ص 37)

تپتے فرش پر ظہر کی نماز

ایک دوست لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت میاں (طاہر) صاحب ظہر کی نماز کے لئے بیت مبارک میں تشریف لائے اندر کوئی جگہ نہ تھی۔ نماز شروع ہو چکی تھی۔ آپ سخت گرمی میں ننگے، تپتے فرش پر نماز کی نیت کر کے کھڑے ہوگئے جبکہ ایک اور صاحب یہ کہہ کر کہ میں دھوپ میں نماز نہیں پڑھ سکتا واپس چلے گئے۔ جبکہ حضرت میاں صاحب گرمی کی شدت کی تکلیف سے بے نیاز اپنے خدا کے حضور حاضر ہوگئے۔

غیر معمولی صداقت

حضور کے چچازاد بھائی جناب ایم ایم احمد صاحب فرماتے ہیں کہ:

”جس واقعہ کو میں کبھی بھلا نہیں سکتا جس کی یاد بڑی شدت اور کسک کے ساتھ ذہن پر مرتسم ہو کر رہ گئی ہے وہ حضرت ام طاہر کی رحلت کا سانحہ ہے وفات کے وقت ان کی عمر تقریباً 40 برس کے لگ بھگ ہوگی ان کی وفات کا صدمہ سارے خاندان بلکہ ساری جماعت کے لئے ایک بہت بڑا حادثہ تھا جسے ہر چھوٹے بڑے نے بڑی شدت کے ساتھ محسوس کیا۔ یقیناً آپ ایک نہایت محترم، نافع الناس، غریب پرور اور محبوب شخصیت کی مالک تھیں جس نے سب کو ہلا کر رکھ دیا۔

میری چشم تصور دیکھ رہی ہے کہ ایک چھوٹا سا بچہ بیت المبارک سے ملحقہ ایک کمرے میں کھڑا ہے (۔) بھر جائے تو نمازی یہاں بھی آ جاتے ہیں نماز ہو رہی ہے نو عمر نمازی اپنے رب کے دربار میں بڑے ہی خشوع وخضوع سے دست بدعا ہے شدت غم سے چشم پُر آب ہے اپنے خالق سے کوئی التجا کر رہا ہے۔ میں یہ نظارہ بھلاؤں بھی تو بھول نہیں سکتا۔ 46 برس ہونے کو آئے یوں لگتا ہے جیسے یہ کل کی بات ہے سوچتا ہوں کہ اس بچے کے اخلاص اور درد اور غم میں کوئی ایسی سچائی اور غیر معمولی صداقت ضرور جلوہ گر رہی ہوگی۔ جس کی وجہ سے میں یہ دلکش نظارہ ایک لمحہ کے لئے بھی ذہن سے محو نہیں کر سکا۔

(ایک مرد خدا صفحہ 30)

خدا تمہیں برکت دے

ایک خطبہ میں حضور انور نے ارشاد فرمایا۔ ”مجھے وہ لمحہ بڑا پیارا لگتا ہے کہ ایک مرتبہ لندن میں New Years` day کے موقع پر پیش آیا۔ یعنی اگلے روز نیا سال چڑھنے والا تھا اور عید کا سماں تھا رات کے بارہ بجے سارے لوگ Trafalgar svuare میں اکٹھے ہو کر دنیا جہان کی بے حیائیوں میں مصروف ہو جاتے ہیں کیونکہ جب رات کے بارہ بجتے ہیں تو پھر وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اب کوئی تہذیبی روک نہیں کوئی مذہبی روک نہیں ہر قسم کی آزادی ہے اس وقت اتفاق سے وہ رات مجھے بوسٹن سٹیشن پر آئی۔ مجھے خیال آیا جیسا کہ ہر احمدی کرتا ہے اس میں میرا کوئی خاص الگ مقام نہیں تھا۔ اکثر احمدی اللہ کے فضل سے ہر سال کا نیا دن اس طرح شروع کرتے ہیں کہ رات کے بارہ بجے عبادت کرتے ہیں مجھے بھی موقع ملا میں بھی وہاں کھڑا ہو گیا۔ اخبار کے کاغذ بچھائے اور دو نفل پڑھنے لگا۔ کچھ دیر کے بعد مجھے یوں محسوس ہوا۔ کہ کوئی شخص میرے پاس آ کر کھڑا ہو گیا ہے اور نماز میں نے ابھی ختم نہیں کی تھی کہ مجھے سسکیوں کی آواز آئی۔ چنانچہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد میں نے دیکھا کہ وہ ایک بوڑھا انگریز ہے جو بچوں کی طرح بلک بلک کر رو رہا ہے میں گھبرا گیا۔ میں نے کہا پتہ نہیں یہ سمجھا ہے کہ میں پاگل ہو گیا ہوں۔ اس لئے بیچارہ میری ہمدردی میں رو رہا ہے۔ میں نے اس سے پوچھا تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ تو اس نے کہا کہ مجھے کچھ نہیں ہوا۔ میری قوم کو کچھ ہو گیا ہے ساری قوم اس وقت نئے سال کی خوشی میں بے حیائی میں مصروف ہے اور ایک آدمی ایسا ہے جو اپنے رب کو یاد کر رہا ہے اس چیز نے اور اس موازنہ نے میرے دل پر اس قدر اثر کیا ہے کہ میں برداشت نہیں کر سکا۔ چنانچہ وہ بار بار کہتا تھا God bless you, God bless you, God Bless you, God bless you خدا تمہیں برکت دے، خدا تمہیں برکت دے، خدا تمہیں برکت دے، خدا تمہیں برکت دے۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 20 راگست 1982ء مطبوعہ الفضل 31 / اگست 1983ء)

اصل اجر تو نیت کا ہے

محترم سید محمود احمد شاہ صاحب تحریر کرتے ہیں۔

حضور نے کبھی یہ سوچ کر بیت الذکر میں جانے کا ارادہ ترک نہیں فرمایا کہ اب وقت تھوڑا رہ گیا ہے جائیں گے تو نماز باجماعت نہیں ملے گی۔ آپ فرماتے تھے کہ کچھ حصہ تو ملے گا چاہے ایک رکعت یا ایک سجدہ ہی سہی۔ اصل اجر تو نیت کا ہے۔

(ماہنامہ خالد مارچ، اپریل 2004ء)

جمعہ سے پہلے دو نفل پڑھنا سنت ہے

محترم محمد یوسف بقاپوری صاحب تحریر کرتے ہیں۔

ان دنوں اسلام آباد کی جماعت راولپنڈی کے ساتھ تھی۔ خدام الاحمدیہ کا اجتماع بیت نور راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ جمعہ کا دن تھا اکثر خدام اس خیال سے سنتیں نہیں پڑھ رہے تھے کہ نمازیں جمع ہوتی ہیں۔ اتنے میں حضرت مرزا طاہر صاحب تشریف لائے تو انہوں نے اعلان کیا کہ خواہ نمازیں جمع ہوں۔ نماز جمعہ کے خطبہ سے پہلے بیت الذکر میں کم از کم دو نوافل ضرور پڑھ لینے چاہئیں کہ یہ سنت ہے۔

(سیرت وسوانح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نمبر ص 43)

خدا سے تعلق بن گیا

محترم پیر افتخار الدین صاحب ایک غیر از جماعت کا بیان لکھتے ہیں۔

اسلام آباد جماعت کے ایک رکن رانا رفیق احمد صاحب اپنے ایک دوست کو مجلس عرفان میں لے کر آئے ہوئے تھے۔ ان کے اس دوست نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا۔ کہ نمازیں تو میں پہلے سے پڑھتا ہوں لیکن جو آج آپ کے خلیفہ صاحب کے پیچھے پڑھی ہے اس کے دوران تو مجھے یہ محسوس ہوتا رہا جیسے میں فضاء میں اوپر اور اوپر اٹھتا جا رہا ہوں اور خدا سے میرا تعلق قائم ہو گیا ہے ایک سرور تھا جس میں میرا سارا وجود ڈوبا ہوا محسوس ہو رہا تھا۔

(الفضل 15 دسمبر 2003ء)

بیت المبارک میں نمازوں کے اوقات

محترم سید محمود احمد شاہ صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

”حضور نماز باجماعت کی بے انتہا پابندی کرنے والے تھے۔ اس واقعہ کا ثبوت ایک نہیں بلکہ بہت سے واقعات ہیں۔ خاکسار نے بارہا دیکھا کہ حضور جب بھی ربوہ سے باہر کے کئی روزہ دورہ سے واپس آتے تو پہلا سوال ہی یہ ہوتا کہ آجکل بیت المبارک میں نمازوں کے اوقات کیا ہیں اور یہ احتیاط اور تحقیق اس لئے ہوتی کہ اگر نمازوں کے اوقات بدل گئے ہوں تو اس کے مطابق بیت الذکر میں حاضر ہو سکیں اور نماز باجماعت سے نہ رہ جائیں۔

(سیرت وسوانح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ص 42)

بچپن سے شوق

آپ کی ہمشیرہ محترمہ صاحبزادی محترمہ امۃ الباسط صاحبہ تحریر فرماتی ہیں۔

”حضرت صاحب کو نمازوں کا بچپن ہی سے بے حد شوق تھا ہمیشہ بیت الذکر میں باجماعت نماز ادا کیا کرتے تھے۔ کبھی کبھار احمد نگر سے جب دیر ہو جاتی اور بیت الذکر میں نماز ہو چکی ہوتی تو میرے گھر آ جاتے۔ یہاں سب کو اکٹھا کر کے باجماعت نماز ادا کیا کرتے تھے۔ (رسالہ خالد مارچ اپریل 2004ء ص 46)

باجماعت نمازیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

”میں نے ایک دفعہ باقاعدہ حساب لگا کر دیکھا تھا کہ گزشتہ تینوں خلفاء سے زیادہ باجماعت نمازیں میں نے پڑھائی ہیں اور یہ حسابی بات ہے اس میں کوئی شک کی بات نہیں۔ انتہائی بیماری کے وقت بھی بعض دفعہ نزلہ سے گلا آواز نہیں آ رہی ہوتی تھیں مگر نماز باجماعت کی مجھے اتنی عادت تھی بچپن سے تھی اور اس ذمہ داری کے بعد تو بہت زیادہ بڑھ گئی کہ جتنی باجماعت نمازیں میں پڑھا چکا ہوں اتنی پچھلے تینوں خلفاء کی مجموعی طور پر تعداد نہیں بنے گی۔

(الفضل 13 فروری 2001ء)

نمازیں پڑھانے کی تڑپ

محترم ڈاکٹر مسعود الحسن نوری صاحب لکھتے ہیں کہ:۔

حضور کم سے کم وقت کے لئے ہسپتال میں رہنا چاہتے تھے اور بار بار یہی فرماتے تھے کہ میں کتنی دیر میں ہسپتال سے واپس جاؤں گا اور کتنی دیر میں بیت الذکر جا کر نمازیں پڑھا سکوں گا۔ بیماری میں کمزوری بھی تھی اور اس عمل کے بعد آرام ضروری تھا۔ لیکن آپ کی خواہش یہی تھی کہ آپ جلد سے جلد واپس جائیں اور نمازوں کی امامت کروائیں۔ (الفضل 27 دسمبر 2003ء)

نماز پڑھ لی ہے؟

آپ کی صاحبزادی محترمہ فائزہ لقمان صاحبہ الفضل 27 دسمبر 2003ء میں تحریر فرماتی ہیں۔

نماز تو خیر ان کی روح کی غذا تھی ہی کسی اور کو بھی نماز پڑھتے دیکھ لیتے تو چہرہ خوشی سے چمکنے لگتا۔ اسی وجہ سے بچپن میں ہی یہ احساس ہم میں پیدا ہو گیا تھا کہ اگر ہم نماز پڑھ لیں تو باقی بچپن کی نادانیاں اور شرارتیں قابل معافی ہیں۔ جب کبھی باہر سے آتے تو پہلا سوال یہی کرتے کیا نماز پڑھ لی؟ اگر جواب ہاں میں ہوتا تو وہ دن ہمارا ہوتا.........ابا کا پیار ہمارے لئے چمکنے لگتا۔ صبح کی نماز کے لئے میری شادی ہونے تک آپ نے ہمیشہ خود مجھے اٹھایا۔ بعض دفعہ نیند کا غلبہ ہوتا۔ اٹھانے کے باوجود دوبارہ سو جاتی حضور پھر آتے اور دوبارہ اسی پیار اور نرمی سے اٹھاتے یہاں تک کہ ہم اٹھ کر نماز ادا کر لیتے۔

(الفضل 23 دسمبر 2003ء)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہر احمدی کو نمازوں کی کچھ ایسی ہی لذت مل جائے کہ پھر وہ ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرے اور فرائض کے بعد نوافل کے ذریعہ بھی اللہ تعالیٰ کے عرفان کو کھینچنے والے بنیں لیکن اس کے لئے مستقل مزاجی کی از حد ضرورت ہے۔

برف پوش بلندیاں، دشوار گزار راستے اور طالع آزمائی کی انسانی سرشت

درہ اٹر 4650 میٹر کا دلچسپ سفر

قسط اول

مکرم اعجاز احمد کلیم صاحب

ایک ایسے ٹریک کی تفصیلات پیش خدمت ہیں جس کا ذکر کسی راہنما کتاب میں نہیں ملتا نہ ہی زیادہ تر لوگ اس کے بارے میں جانتے ہیں۔ یقیناً اس کا نام آپ کے لئے نیا ہے۔ انجانی راہوں پر قدم رکھنے سے پہلے جان لیجئے کہ یہ ٹریک نہ صرف دل ونظر کے لئے سامان نشاط فراہم کرتا ہے بلکہ طالع آزمائی سے بھی بھرپور ہے۔ پانچ دن پر مشتمل یہ ٹریک بالائی وادی اشکومن کے آخر میں نمطلتی کے گاؤں سے شروع ہو کر درہ اٹر (4650 میٹر) کے اس پار وادی یاسین میں درکوت کے مقام پر ختم ہوتا ہے جو کہ وادی یاسین کا آخری گاؤں ہے۔

آغاز سفر

پچپن کلومیٹر سے زیادہ طویل اس ٹریک پر جانے کے لئے آپ کو پہلے گلگت جانا پڑے گا۔ گلگت سے اشکومن جانے کے لئے گاڑی دستیاب ہے۔ عام طور پر دوپہر کے بعد گاڑیاں نکلنا شروع ہوتی ہیں لیکن اگر گاڑی کا وقت نہ ہو تو گاہکوچ چلے جائیں۔ گاہکوچ سے شب بسری کے بعد صبح اشکومن کے لئے گاڑی لیں۔ اگر اشکومن کی گاڑی نہ ملے تو چٹور کھنڈ کی گاڑی لازمی مل جائے گی۔ چٹور کھنڈ سے آگے جیپ دستیاب ہے۔ ہوسکتا ہے آپ کو سالم جیپ لینا پڑے۔ سالم جیپ کا کرایہ تقریباً دو ہزار سے اڑھائی ہزار روپے ہے۔

گلگت سے سفر کا آغاز دریائے گلگت کی قربت میں اس کے جنوبی کنارے سے ہوتا ہے۔ گلگت سے نکل کر وادی کسی قدر سمٹتی ہے۔ بل کھاتے دریا کے کنارے یہ سفر ایک انوکھی مسرت لئے ہوئے ہے۔ غذر کے ضلع میں داخل ہو کر دریا تو وہی رہتا ہے لیکن نام بدل کر دریائے غذر ہو جاتا ہے۔ جہاں سے وادی تنگ ہے وہاں دریا کا شور سن کر محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ہزاروں بدروحیں مل کر چیخ رہی ہوں۔ سفر کا یہ پہلو یقیناً طبع پر ناگوار گزرتا ہے۔ لیکن مناظر کی خوبصورتی آپ کی توجہ اپنی طرف مبذول کر لیتی ہے۔ کچھ دیر بعد آپ شیر قلعہ پہنچتے ہیں جو گلگت سے تقریباً پینتیس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ شیر قلعہ کو شیر قلعہ اس لئے کہتے ہیں کیونکہ اس کو فتح کرنا کافی مشکل ثابت ہوا ہے۔ تقریباً ایک سو پچاس سال پرانا۔ پہرے کا مینار پولو کے میدان کے آخری سرے پر داستان ماضی بیان کرتا نظر آتا ہے جہاں جنگ کے دنوں میں لوگ پناہ گزیں ہوا کرتے تھے۔ یہاں سے ایک ٹریک درہ بچار (4000 میٹر) سے گزر کر وادی نلتر کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ شیر قلعہ سے آگے بڑا مقام سنگل ہے جو شیر قلعہ سے مزید سولہ کلومیٹر مغرب میں ہے۔ یہاں سے چاندی جیسے پانی کی ایک پُرسکون ندی اپنے آپ کو دریائے غذر کے حوالے کرتی ہے۔ سنگل سے ذرا آگے گلمتی ہے۔ پھر یکا یک وادی پھیلتی ہے اور دریا کئی شاخوں میں منقسم ہے جن کے بیچوں بیچ پھیلا قدرتی جنگل ہے۔ جو ہر رنگ کی نباتات کا مسکن ہے۔ اس رنگا رنگ جنگل کے رنگ آنکھوں کے لئے حیرت کا باعث بنتے ہیں۔ یقیناً یہ خوبصورتی پورے شمالی علاقہ جات میں کہیں دیکھنے کو نہ ملے گی۔ سست روی سے بہتے دریا کی ہر دھارا سورج کی سنہری کرنوں کو منعکس کرتی ہے۔ رنگ ونور کا یہ سیلاب بے حد جاذب نگاہ ہے۔ یہیں سے اچانک ایک موڑ مڑنے کے بعد دریائے غذر پر رسوں سے بنا ایک پل دکھائی دیتا ہے۔ اس پل سے گزر کر آپ وادی اشکومن میں داخل ہوں گے۔ پل پار کریں اب غذر کا دریا آپ کے بائیں ہاتھ ہے جو مسلسل دور ہوتا جا رہا ہے۔ سرسبز وشاداب وادی سے گزرتے ہوئے آپ تھوڑی دیر میں گاہکوچ کے سامنے سے گزرتے ہیں اور پھر ایک پہاڑی موڑ گاہکوچ کو آپ سے دور کر دیتا ہے۔ اب آپ کا سفر شمال سمت میں چٹور کھنڈ کی طرف ہے غذر کا دریا پیچھے اشکومن کے دریا کو اپنے وجود کا حصہ بنا چکا ہے اور اب دریائے اشکومن آپ کا ہمراہی ہے۔ دریا کے دائیں کنارے چلتے آپ تقریباً ایک گھنٹے میں چٹور کھنڈ پہنچتے ہیں۔ چٹور کھنڈ وادی اشکومن کا صدر مقام ہے یہاں سے ایک ٹریک ہیول کے درے سے گزر کر وادی نلتر کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ چٹور کھنڈ کے بعد پکھورا کا گاؤں آتا ہے یہاں سے درہ نلتر (4650 میٹر) کی طرف جانے والا راستہ دائیں ہاتھ دیکھا جاسکتا ہے۔ پکھورا سے ذرا آگے شونس ہے۔ بائیں ہاتھ دریا کے پار اسمبر کا گاؤں ہے جہاں سے درہ اسمبر (4400 میٹر) اور درہ برتھا برتھی (4410 میٹر) کی طرف جانے والے راستے کا نظارہ کیا جاسکتا ہے یہ دونوں درے بھی وادی اشکومن کو وادی یاسین سے ملاتے ہیں۔ برجنگل، شونس کے بعد ایک بڑا گاؤں ہے جس کی شادابی سے کسی طور بھی انکار ممکن نہیں ہے۔ برجنگل سے آگے کچا راستہ ہے۔ برجنگل سے نکلتے ہی دور انتہائی خوبصورت گاؤں دکھائی دیتا ہے۔ یہ اشکومن کا گاؤں ہے جس کے نام پر پوری وادی کا نام ہے۔ کچھ دیر بعد راستہ ذرا دائیں طرف مڑتا ہے اور دائیں طرف سے آنے والے گدلے پانی کے دریائے کرومبر پر نگاہیں پڑتی ہیں۔ خوفناک شور کرتے دریا کو پل سے پار کریں سامنے دائیں طرف امت کا گاؤں دکھائی دیتا ہے۔ امت سے شمالی سمت میں مترم دن پیاکین اور چلنجی سے گزرتے ہوئے دائیں طرف درہ چلنجی (5160 میٹر) کے پار سوست کی طرف جایا جاسکتا ہے جبکہ بائیں طرف سوختر بوط اور شونج سے گزر کر کرومبر کے درے () کے پار بروغل پہنچا جاسکتا ہے۔

نمطلتی، وادی اشکومن کا آخری گاؤں ہے جو نہایت سرسبز وشاداب اور پھلوں کی دولت سے مالا مال ہے۔ اس کی سطح سمندر سے بلندی 2580 میٹر ہے۔ کسی مناسب جگہ پر کیمپ کریں اور کسی گائیڈ کا بندوبست کر لیں۔

نمطلتی سے مغرب کی طرف جانے والا راستہ درہ اشکومن، درہ پانجی اور درہ اٹر کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔ جبکہ شمال مشرق کی جانب چھیانٹر کا وسیع گلیشئر نگاہوں کے سامنے ہے جو تکنیکی اعتبار سے اپنے اندر کافی وسعت لئے ہوئے ہے۔ یہاں سے نو دن کا راستہ طے کر کے درہ چھیانٹر کے راستے بروغل پہنچا جاسکتا ہے۔

پہلا دن نمطلتی تا میتھانتر

صبح پانچ بجے اٹھ کر دعا کے ساتھ اپنے سفر کا آغاز کریں گاؤں کی تنگ گلیوں سے گزرتے ہوئے چند منٹ میں گاؤں سے باہر نکل آئیں۔ گاؤں سے نکلتے ہی یکدم ایک بلند ہوتا راستہ اچانک حوصلے پست کر دیتا ہے لیکن یہ آپ کی خوش قسمتی ہے کہ آپ اس راستے پر آ پہنچے ہیں یہ در پردہ نعمت ہے جو زندگی کی مشکلات سے نبرد آزما ہونے کے لئے آپ کو تیار کر رہا ہے۔ تنگ بلند ہوتی پہاڑی پگڈنڈی پر پھولی سانسوں کے ساتھ اپنے سفر کو جاری رکھیں۔ خوفناک بروکا نالہ بہت نیچے شور مچاتا ہوا آپ کا ہمراہی ہے بلندیاں اور پستیاں طے کرتے ہوئے۔ آپ مسلسل بلند ہو رہے ہیں تقریباً ڈیڑھ سے دو گھنٹے میں دریا آپ کے بالکل قریب پہنچ جاتے ہیں۔ درحقیقت آپ دریا کے قریب آ گئے ہیں۔ تھوڑی دیر بعد آپ تاغون نامی گاؤں میں پہنچتے ہیں اس کی بلندی تقریباً 2800 میٹر ہے یہ گاؤں انتہائی خوبصورت منظر پیش کرتا ہے۔ دریا کے پار ہانڈس کا گاؤں دکھائی دیتا ہے جہاں جو کی فصل آنکھوں کو بھلی دکھائی دیتی ہے۔ تاغون سے راستہ یکا یک دائیں طرف مڑتا ہے۔ اب آپ کا سفر شمال کی طرف میتھانتر کے دریا کی بالائی جانب ہے۔ جبکہ مغربی سمت میں درکوت (یاسین) جانے کے لئے براستہ درہ پانجی (4680 میٹر) ایک اور متبادل راستہ ہے جس کو زیادہ تر لوگ اختیار کرتے ہیں۔ درہ اٹر کی طرف بہت دور بلند برف پوش پہاڑ دکھائی دیتے ہیں جن پر سے برفیں جھکی پڑی ہیں۔ چند منٹوں بعد بائیں طرف میتھانتر کے دریا پر ایک پُل ہے جس پر سے گزر کر ہانڈی کی طرف جایا جاسکتا ہے۔ یہاں چیڑھ، دیودار اور صنوبر کے شجر سایہ دار سورج کی گرمی کو اپنے اندر سموئے ہوئے نمو پاتے ہیں اور ان کی سرسبز شاخیں ہواؤں میں سرسراہٹیں پیدا کرتی ہیں۔ زیادہ تر راستہ پتھروں پر طے ہوتا ہے کبھی پتھر چھوٹے ہو جاتے ہیں اور کبھی کبھی بہت بڑے بڑے پتھر آتے ہیں جن پر چلنا بہت مشکل کام ہے۔ دریا کے کنارے پتھروں پر درختوں تلے سفر یقیناً تھکاوٹ کو قریب نہیں آنے دیتا۔ تھوڑی دیر بعد سامنے ہی راستہ یکا یک بلند ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ دریا ایک تنگ گھاٹی میں بند ہو جاتا ہے اور پانی ایک گرجدار آواز کے ساتھ پتھروں سے سر پھوڑتا ہوا نامعلوم منزلوں کی طرف رواں دواں ہے۔ چڑھائی پر چلنا یقیناً مشکل ہے۔ سانس لینا دشوار ہے۔ لیکن ان مشکلات میں اپنے آپ کو آپ نے خود ہی ڈالا ہے۔ لہٰذا آگے بڑھنے کے سوا کوئی چارہ نہیں۔ جب آپ چڑھائی چڑھ کر اوپر پہنچتے ہیں۔ سامنے ہی ایک میدان ہے سفید پتھروں کا میدان جس کو دیکھ کر تسلی ہوتی ہے لیکن جب نگاہ میدان کے آخری سرے کی طرف اٹھتی ہے تو ایک بار پھر بلند ہوتا راستہ حوصلے کی دیوار کو یکدم یوں گرا دیتا ہے جیسے ریت کی دیوار ڈھے جاتی ہے۔ چند منٹوں میں میدان طے ہو جاتا ہے اور ایک بار پھر چڑھائی آپ کا منہ چڑا رہی ہے لیکن صنوبر کے گھنے جنگل حوصلہ بڑھاتے ہیں۔ ایک عجیب اور تیز خوشبو نتھنوں میں گھسی جا رہی ہے۔ لطیف ہواؤں میں یہ خوشبو ایک نعمت ہے۔ یہ چڑھائی آپ کا کافی وقت لے گی۔ اس کے بعد آپ ملک آباد نامی جگہ پہنچتے ہیں جو تقریباً تین ہزار میٹر کی بلندی پر واقع ہے۔ مویشیوں کے لئے چند جھونپڑے موجود ہیں۔ کچھ دیر میں یہ جھونپڑے پتھروں کے چھپ جاتے ہیں اور آپ آگے بڑھ جاتے ہیں بلندیوں کا سفر جاری ہے کبھی آپ دریا کے قریب آ جاتے ہیں اور کبھی دور۔ یہ دوریاں اور نزدیکیاں فاصلوں کو سست روی سے سمیٹ رہی ہیں۔ کئی جگہ پر کئی چھوٹی چھوٹی ندیاں پلوں پر سے پار کرنی پڑتی ہیں۔ چاندی جیسی ندیوں کے کنارے سبزے اور ہریالی کی دنیا میں پھولوں کی

بستیاں آباد ہیں جو پتھروں پر اچھلتے پانیوں کو چھوتے ہیں، چومتے ہیں۔ ایک تھرتھراہٹ اور جنبش پیدا ہوتی ہے جن کو نہ ہر ایک آنکھ دیکھ پاتی ہے اور نہ ہر دل محسوس کرتا ہے۔

مسلسل چڑھایاں چڑھ چڑھ کر پیروں میں آبلے محسوس ہوتے ہیں، ٹانگوں سے جان نکلی محسوس ہوتی ہے۔ حلق میں کانٹے چبھنے لگتے ہیں۔ تھکاوٹ کے مارے براحال ہے۔ نیز سورج کی تمازت جلد کو جھلسا رہی ہے۔ آخرکار سامنے والے برفانی پہاڑ قریب آجاتے ہیں ایک راستہ بائیں طرف مڑتا ہوا محسوس ہوتا ہے اور ایک دائیں طرف آپ پگڈنڈیوں سے اتر کر پتھروں پر آجاتے ہیں۔ چھوٹے پتھر پھر بڑے پتھر پھر ان سے بڑے پتھر اور پاؤں بھی شائد ان پتھروں کے ساتھ پتھر بن چکے ہیں۔ اس کا اندازہ یوں ہوتا ہے کہ پاؤں اٹھائے نہیں جاتے بلکہ ان کو گھسیٹنا پڑتا ہے۔ پیروں کو گھسیٹتے ہوئے آپ بائیں طرف پہاڑوں کے بیچ گلی میں اپنا سفر شروع کرتے ہیں۔ کچھ دیر بعد کہنے کو یہ کچھ دیر ہی ہے لیکن محسوس کافی دیر ہوتی ہے۔ آپ بائیں ہاتھ دریا پر بنے ایک پل پر پہنچتے ہیں پل پار کرکے دائیں طرف تھوڑی سی چڑھائی چڑھنے کے بعد کیمپ کے لئے بہترین جگہ ہے۔

قریبی ٹیلے کے پیچھے چند لوگوں کے پتھروں سے بنے گھر موجود ہیں یہ جگہ میتھانتر کہلاتی ہے۔ براشکی زبان میں میتھان کے معنی دور اور تیر کے معنی وادی ہے یعنی دور افتادہ وادی۔

میتھانتر کی سطح سمندر سے بلندی (3180 میٹر) ہے۔ یہاں سے مغربی سمت والا راستہ درہ اٹر کی طرف اور شمال مشرقی راستہ یکدم چڑھائی کے بعد چھیانٹر گلیشئر کی طرف راہنمائی کرتا ہے جس کو پار کرکے کئی دنوں میں بروغل پہنچا جاسکتا ہے۔

دوسرا دن

میتھانتر تا اٹر جھیل

صبح طلوع آفتاب کے ساتھ اپنے سفر کا آغاز کریں آپ کا سفر مغربی سمت میں اٹر جھیل کی طرف ہے۔ آج آپ نے پانچ سو دس میٹر کی بلندی طے کرنی ہے جو تقریباً چھ سے ساڑھے چھ گھنٹوں میں طے ہوگی۔ آج کا تمام تر سفر بھی صنوبر اور برچ کے جنگلوں میں طے ہوگا۔ آہستہ آہستہ بلندی بڑھنے کے ساتھ ساتھ جنگلات میں کمی آتی جائے گی۔ دلکش نظارے مسلسل تبدیل ہورہے ہیں اور آپ چلتے جارہے ہیں۔ جہاں آپ کے سامنے بھی خوبصورتی ہے اور آپ کے پیچھے بھی۔ آپ کے اوپر بھی خوبصورتی ہے اور آپ کے نیچے بھی ہر طرف خوبصورتی ہی خوبصورتی ہے۔ یا یوں کہئے کہ آپ خوبصورتی کے راستے پر گامزن ہیں اور یہ راستہ خوبصورتی کی طرف راہنمائی کرتا ہے۔

میتھانتر سے تھوڑا آگے پہنچتے ہی ایک بلند مینڈھ نظر آتی ہے جو پریشانی میں اضافہ کردیتی ہے لیکن یہ تو کچھ بھی نہیں ہے اگر ابھی سے پریشان ہوگئے تو آگے کیا ہوگا۔ مینڈھ کو دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ اس کے بعد چڑھائی ختم ہوجائے گی۔ یہی چیز آگے بڑھنے پر مجبور کرتی ہے۔ آہستہ آہستہ تھکے قدموں کے ساتھ یہ چڑھائی طے ہوتی ہے تو حیرت ہوتی ہے کہ اس سے بھی زیادہ بلند مینڈھ سامنے منتظر ہے۔ لیکن حوصلہ ہوتا ہے کہ ابھی وہ کچھ دور ہے تھوڑی سی جگہ ہموار ہے۔ اس کا مزہ لے لیں تو تازہ دم ہوجائیں گے لیکن یہ آپ کی بھول ہے۔ ہموار میدان تو چند منٹوں میں طے ہوجاتا ہے۔ آگے وہی چڑھائی وہی آپ اور وہی آپ کے چھالوں بھرے پاؤں۔ ساری سوچوں کو ذہن سے نکالتے ہوئے آپ اس چڑھائی پر اپنے قدموں کو آگے کی طرف گھسیٹنے لگتے ہیں۔ کچھ پتہ نہیں کتنی دیر بیت چکی ہے۔ یقیناً کئی گھنٹے گزر چکے ہیں۔ دھوپ جلد کو جھلسا رہی ہے۔ لیکن اردگرد کے نظارے دلفریب ہیں۔ ان نظاروں پر نظر دوڑاتے جائیں تو تھکن بہرحال کم محسوس ہوتی ہے۔ تھکن کی وجہ سے جھیل بجائے قریب آنے کے دور ہوتی محسوس ہوتی ہے۔ جتنی مشکلات اور مصائب آپ اس کے لئے جھیل رہے ہیں۔ جتنی تکلیفیں آپ اٹھا رہے ہیں۔ یقیناً اس کا حسن اور دلکشی بڑھتی چلی جارہی ہے۔ فضا تیز خوشبو سے مہکی ہوئی ہے۔ تقریباً اڑھائی سے تین گھنٹے چڑھائیاں چڑھنے کے بعد دریا پر پل نظر آتا ہے۔ پل کے پار چند پتھروں کے بنے مکان دکھائی دیتے ہیں یہ قلمداری ہے جس کی بلندی تقریباً (3450 میٹر) ہے۔

پل کے پار جانے کی ضرورت نہیں ہے بس سیدھے چلتے جائیں اس آس میں کہ کبھی تو جھیل آئے گی۔ یہ تو کبھی تصور بھی نہ تھا کہ جھیل تک پہنچنا اتنا مشکل ثابت ہوگا۔ بس جھیل کی محبت آپ کو ان ویرانوں میں کھینچ لائی۔ یقیناً محبت کی آنکھیں اتنی سچی نہیں ہوتیں جتنی عام آدمی کی، سچ ہے کہ سورج بھی تو آسمان کو صاف نہیں دیکھ پاتا۔

اے خوبصورت جھیل کی محبت! تم نے آنکھوں کو اندھا کردیا کہ راستے کے مصائب ذہن سے آئینے کی طرح صاف ہوگئے۔ صحیح دیکھنے والی آنکھوں کو تمہارے راستے میں آنے والی مشکلات کا ادراک کرلینا چاہئے تھا۔ لیکن ایسا نہ ہوسکا کیونکہ محبت صرف وقت کی ساعتوں میں تبدیلی کا نام نہیں یہ تو نام ہے مصائب اور تکالیف کو آخری کناروں تک برداشت کرنے کا، اگر یہ غلطی ہے اور آپ کے اوپر ثابت ہوتی ہے تو بھی یقیناً آپ اس کے خلاف کبھی آواز بلند نہ کریں گے۔

سفر کرتے کرتے اچانک آپ ایک ٹیلے کے اوٹ سے باہر آتے ہیں۔ تو دائیں طرف ذرا فاصلے پر ''اشکوباط'' کی چھوٹی سی بستی دکھائی دیتی ہے۔ خواتین سروں پر ٹوپیاں پہنے مختلف روزمرہ کے کاموں میں مشغول دکھائی دیتی ہیں۔ گھروں سے اٹھتا دھواں زندگی کی علامت ہے۔ وہاں بغیر رکے آپ آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ بستی نگاہوں سے اوجھل ہوتی ہے تو سامنے آج کی آخری آزمائش یعنی شدید چڑھائی سر اٹھائے آپ کی حالت زار پر قہقہے لگا رہی ہے۔ بغیر کسی افسوس کے آپ زیروزبر ہوتی سانسوں کے ساتھ اس چڑھائی کو چڑھنے لگتے ہیں۔ ہلکی گھاس پر یہ چڑھائی بہرحال تکلیف دہ ہے۔ جانے کتنی دیر آپ چڑھائی کی منازل طے کرتے رہتے ہیں۔ جب بلندیوں کا سفر ختم ہوتا ہے تو ''بارو گل' کی بستی، جس کی کل کائنات صرف پتھروں کے چند چھوٹے گھر ہیں دکھائی دیتے ہیں بچے اور خواتین آپ کے گرد جمع ہو جاتے ہیں اور اپنی زبان میں مختلف بیماریوں کا ذکر کرکے ادویات کا کہتے ہیں۔ یہ لوگ بہت مہمان نواز ہیں۔ دہی روٹی پنیر دیسی گھر اور چائے کے ساتھ آپ کی تواضع کی جائے گی اور یقیناً اس تواضع کے بغیر آپ وہاں سے آگے نہ جاسکیں گے یا یوں کہئے کہ آپ کو آگے نہ جانے دیا جائے گا۔ ان لوگوں کی محبت کی چاشنی کو کوئی بھی محسوس کئے بغیر رہ نہیں سکتا۔

بارو گل سے آگے میدان ہے میدان کے بعد ہلکی چڑھائی شروع ہوتی ہے۔ ہلکی چڑھائی بعد میں زیادہ ہوجاتی ہے اور پھر تکلیف دہ بن جاتی ہے۔ یہ چڑھائی چڑھنے کے بعد ایک بہت بڑا پتھروں کا میدان ہے جو مسلسل بلند ہوتا دکھائی دیتا ہے۔ میدان کے ساتھ ساتھ آپ بھی بلند ہوتے جائیں کافی فاصلے پر ایک اکلوتا درخت دکھائی دیتا ہے۔ درخت پیچھے چھوڑتے ہوئے آگے بڑھیں اور پھر اچانک بلندیاں ختم ہوجاتی ہیں۔ پتھروں کا راستہ کہیں دور پیچھے بہت پیچھے رہ جاتا ہے۔ نگاہوں کے سامنے فیروزے کے رنگ بکھر جاتے شاید یہ فیروزے کا بہت بڑا ذخیرہ ہے۔ کہیں نظریں دھوکا تو نہیں کھا رہیں کہیں یہ سراب تو نہیں لیکن نہیں یہ سچ ہے، بالکل سچ۔ جھیل جس کا صرف نام سنا تھا سن کر اس کو ایک خیالی جھیل تصور کیا تھا۔ ایک دیوانے کا خواب سمجھا تھا وہ حقیقت اور خواب کی تعبیر سن کر ذہن کے نہاں خانوں میں اترتی چلی جارہی ہے۔

اٹر جھیل ایک بڑی جھیل ہے جس کی لمبائی تقریباً چار کلومیٹر ہے اور چوڑائی ایک کلومیٹر سے کسی صورت بھی کم نہیں ہے۔ اس کی سطح سمندر سے بلندی (3690 میٹر) ہے۔ جھیل کے دونوں اطراف دائیں اور بائیں کنارے اس قدر ڈھلوان رکھتے ہیں کہ جہاں پاؤں نہیں رکھا جاسکتا۔ لہٰذا آپ جھیل کے گرد چکر نہیں لگاسکتے۔ جھیل کے پار ایک سفید سا میدان دکھائی دیتا ہے۔ جھیل کے دائیں اور بائیں دونوں اطراف میں بلند برفوں سے ڈھکے پہاڑ ہیں۔ دائیں طرف والے پہاڑ سے چھیانٹر گلیشئر کی برفیں نیچے کی طرف یوں جھکی پڑی ہیں جیسے ابھی نیچے گریں کہ گریں۔

جھیل کے ساکت فیروزی پانی آسمان کے رنگوں کو اپنے اندر جذب کردیتے ہیں۔ کبھی نیلاہٹ اور کبھی فیروزی رنگ کا احساس ہوتا ہے۔ بالآخر آپ ایک طویل سفر کے بعد اس جھیل تک آپہنچے ہیں۔ دل بیتاب کی بیتابیوں اور بے چینیوں کو قرار آگیا ہے۔ درحقیقت یہ سفر تخیل اور زندگی کا قیمتی اکٹھ ہے کہ آپ کے قدموں نے ان بلند وبالا پربتوں اور فیروزی جھیل کے پانیوں کی طرف پرواز کی۔ جھیل کے پانیوں کی جھلملاہٹ روح کو وہ مقام عطا کرتی ہے جہاں یہ صحیح طور پر پھل پھول سکے۔ یقیناً یہ منظر دن کا کوئی سپنا ہے۔ بیشک جاگتی آنکھوں کا یہ سپنا بے حد دلکش ہے۔

سورج کے زوال پذیر ہونے کے ساتھ ساتھ پانی کا رنگ بدلتا ہے۔ مغربی سمت میں پہاڑ کے پیچھے غروب آفتاب کے وقت کئی رنگوں کی لہریں نیچے کی طرف اترتی محسوس ہوتی ہیں۔ دھوپ اور چھاؤں کو فضا ہی میں الگ الگ تمیز کیا جاسکتا ہے۔ سرد ہوتی شام فضا کو یخ بستہ کررہی ہے۔ ڈوبتا سورج آنے والی رات کا پیش خیمہ ہے۔ شام کے دھندلکوں میں جب اوس کے قطرے نرم گھاس کو بھگونے لگتے ہیں تو ایک عجیب احساس دل ودماغ میں جاگزیں ہونے لگتا ہے۔

بالآخر خورشید جہاں تاب رات کے دبیز پردوں میں چھپ جاتا ہے۔ شب کی تاریکی میں تاروں کے نہاں خزینے عیاں ہونے لگتے ہیں۔ جھیل سے نکلتے دریا کا ہلکا شور مکمل طور پر ماحول سے ہم آہنگ ہے یہ منظر یقیناً موسم کی خوشیوں کا مظہر ہے جس نے آپ کی خواہشات کو نرم و ملائم گھاس پر بچھایا اور آپ کے خوابوں کو پہاڑوں کے سپرد کیا۔ بلاشک وشبہ آپ نے محبت فطرت میں اس سے کہیں زیادہ حاصل کیا جتنے کی آپ کو تلاش تھی۔ تاروں بھرے آسمان تلے سرسبز زمین پر اپنے خیمے میں سوجائیے۔

رات شدید کپکپی طاری کرنے والی ہے۔ مشکل سے نیند آتی ہے صبح جلد بیدار ہوں۔ آفتاب بزم رنگ و بو بن کر طلوع ہوتا ہے اور اپنی شعاعوں سے ہر طرف آگ بھڑکا دیتا ہے۔ سورج کی ابتدائی کرنیں جھیل کے پانی پر پڑتی ہیں تو گویا چاندی کا احساس ہوتا ہے۔ سامان باندھ لیں اور دعا کے ساتھ سفر کا آغاز کردیں۔

تیسرا دن

اٹر جھیل تا اٹر بیس کیمپ

آج کا سفر آغاز ہی سے مشکلات کو پوری طرح اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔ جھیل سے نکلنے والے میتھانتر کے دریا کے زیریں جانب بالکل کنارے کنارے سفر شروع کردیں۔ تقریباً دس منٹ بعد دائیں ہاتھ دریا پر پل آئے گا وہاں سے دریا پار کریں۔ سامنے ہی دریا کی ایک اور دھارا ہے جس پر ایک اور خستہ حال پل موجود ہے۔ اس کے پار اترتے ہی یکدم بلند ہوتا راستہ دکھائی دیتا ہے۔ اللہ کا نام لے کر اس راستے پر چلتے جائیں۔ چلتے جانے کی بجائے چڑھتے جائیں کہنا زیادہ بہتر ہوگا۔ پچھلی مشکلات کو بھول

جائیں اور نئی مشکلات کے لئے اپنے آپ کو تیار کرلیں بلند ہوتے راستے کا اختتام ایک تنگ پگڈنڈی پر ہوتا ہے۔ یہ بات شدت سے سنسنی خیز ہے کہ آپ علی الصبح ایک پہاڑی راستے پر گامزن ہیں اور مکمل طور پر پُر اعتماد ہیں کہ آپ حسن و دلکشی کی ایک انوکھی دنیا میں قدم رکھنے جارہے ہیں جس کا تقدس ابھی تک پوری طرح قائم ہے جہاں زر، اثاثے اور املاک یقیناً بے وزن ہیں۔

